ADL/ SHB

**29-03-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(**Music**)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 سرکار نے کہا ہے کہ بھارت کو اپنے جمہوری اداروں پر فخر ہے اور وہ کسی بھی طرح کے نامناسب خارجی اثر و رسوخ سے اِن کا دفاع کرنے کا پابند ہے۔

2 فروری کے مہینے میں ملک کے اہم شعبوں کی شرح ترقی 6 اعشاریہ سات فیصد رہی، جو گزشتہ 3 مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔

3 اترپردیش کے باندہ ضلعے میں جرائم پیشہ شخص سے سیاستداں بننے والے جیل میں بند مختار انصاری کا حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہوگیا ہے۔

4 عیسیٰ مسیح کو مصلوب کئے جانے کی یاد میں آج دنیا بھر میں گڈ فرائی ڈے منایا جارہا ہے۔

5 ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنّا اور آسٹریلیا کے **Mathew Ebden** کی جوڑی **Miami** اوپن کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

6 اور **IPL** کرکٹ میں:

جے پور میں راجستھان رائلس نے ڈیلی کیپٹلس کو **12** رن سے ہرادیا۔

(**Music**)

اب خبریں تفصیل سے۔

**MEA - US**

وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی گرفتاری کے بارے میں امریکی محکمۂ خارجہ کی حالیہ رائے زنی غیر ضروری ہے۔ کل نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت کے انتخابی اور چناوَ عمل کے بارے میں اِس طرح کی غیر ملکی بہتان تراشی پوری طرح ناقابل قبول ہے۔

SB- Jaiswal

اِس سے قبل بھارت نے امریکی محکمۂ خارجہ کی رائے زنی کے تناظر میں امریکی سفارتخانے کے اعلیٰ اہلکار کو طلب

کر کے سخت اعتراض اور احتجاج کیا تھا۔

ترجمان نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارت کو اپنے آزاد، متحرک اور مضبوط جمہوری اداروں پر فخر ہے اور وہ کسی بھی طرح کے نامناسب خارجی اثر و رسوخ سے اِن کا دفاع کرنے کا پابند ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت میں قانونی عمل، قانون کی عملداری کی روشنی میں ہی انجام دیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایسے کسی بھی ملک کو جو اِسی طرح کی خصوصیات والا ملک ہو، خاص طور پر جمہوری ملک کو اِس حقیقت کو تسلیم کرنے میں کوئی دشواری نہیں ہونی چاہئے۔

جناب جیسوال نے مزید کہا کہ باہمی احترام اور سمجھ بوجھ بین الاقوامی تعلقات کی بنیاد ہوتی ہے اور دنیا کے ملکوں سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ دوسروں کے اندرونی معاملات اور اقتدارِ اعلیٰ کا احترام کریں گے۔×

## Kejriwal Custody

دلّی ہائی کورٹ نے ایکسائز پالیسی گھپلے کے معاملے میں دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو فوری طور پر عبوری راحت دینے سے انکار کردیا ہے۔ ہائی کورٹ نے جناب کجریوال کی ایک درخواست پر ED کو نوٹس جاری کیا ہے۔ جناب کجریوال نے مبینہ شراب پالیسی گھپلے کے کیس سے وابستہ منی لانڈرنگ کیس میں ED کے ہاتھوں اپنی گرفتاری اور 6 دن کی تحویل کو چیلنج کیا ہے۔ وہ اِس کیس کے سلسلے میں انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی تحویل میں ہیں۔

جسٹس سورَن کانتا شرما کی ایک بنچ نے جناب کجریوال کی درخواست پر 2 اپریل تک جواب دینے کیلئے ED کو نوٹس جاری کیا ہے۔ کیس کی اگلی سماعت 3 اپریل کو ہوگی۔

اِس سے پہلے جناب کجریوال نے دلّی ہائی کورٹ سے یہ پُر زور اپیل کی تھی کہ ED کی تحویل سے اُن کی فوری رہائی کا حکم دیا جائے۔ انھوں نے اپنی گرفتاری اور ریمانڈ کو غیر قانونی قرار دیا ہے۔×

## MEA - CHINA

بھارت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ اروناچل پردیش اُس کا اٹوٹ حصہ ہے اور رہے گا۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کل نئی دلّی میں نامہ نگاروں کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ اروناچل پردیش کے معاملے پر بھارت کے موقف کو وقتاً فوقتاً واضح کیا جاتا رہا ہے۔

روس کی فوج سے الگ ہونے کے خواہشمند بھارتی شہریوں کے معاملے پر ترجمان نے کہا کہ وزارت اِس سلسلے میں روس کے حکام کے ساتھ رابطہ قائم کئے ہوئے ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت نے یہ معاملہ پُرزور انداز سے اٹھایا ہے اور اپنے شہریوں کو جلد سے جلد چھوڑ دینے کیلئے کہا ہے۔×

## Core Sector

ملک کے 8 اہم صنعتی شعبوں کے مجموعی اشاریے میں فروری کے مہینے میں گذشتہ سال کی اِسی مدت کے مقابلے 6

اعشاریہ سات فیصد کی ترقی دیکھنے میں آئی، جو پچھلے 3 مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔

کامرس اور صنعتوں کی وزارت کے مطابق فروری کے مہینے میں کوئلے، قدرتی گیس، سیمینٹ، خام تیل، بجلی اور ریفائنری اشیاء کی تیاری اور پیداوار میں مثبت رجحان دیکھنے میں آیا۔ سیمینٹ کی تیاری میں 10 اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا۔

کوئلے کی پیداوار میں 11 اعشاریہ 6 فیصد،
خام تیل کی پیداوار میں 7 اعشاریہ 9 فیصد،
بجلی کی تیاری میں 6 اعشاریہ 3 فیصد،
قدرتی گیس کی پیداوار میں 11 اعشاریہ 3 فیصد،
پٹرولیم اور ریفائنری اشیاء کی پیداوار میں 2 اعشاریہ 6 فیصد،
اور اسٹیل کی پیداوار میں 8 اعشاریہ 4 فیصد کا اضافہ ہوا۔

البتہ گذشتہ سال فروری کے مہینے کے مقابلے اِس سال فروری میں کیمیاوی کھاد کی پیداوار میں ساڑھے 9 فیصد کی گراوٹ آئی۔x

## Scrutiny First Phase

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے اور دو شمال مشرقی ریاستوں کے واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام کل کیا گیا۔ اِس مرحلے کیلئے کاغذات داخل کرنے کا کام بدھ کو ختم ہوگیا تھا۔ بہار میں پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لئے کاغذات داخل کرنے کا کل آخری دن تھا۔ پہلے مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 4 علاقوں کی 102 لوک سبھا سیٹوں کے ساتھ ساتھ سِکم کے 32 اسمبلی حلقوں اور اروناچل پردیش میں 60 رکنی ایوان کیلئے آئندہ ماہ کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پہلے مرحلے کے تحت جن ریاستوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے اُن میں تملناڈو، اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، لکشدیپ، انڈمان نکوبار جزائر اور پدوچیری شامل ہیں۔ کل تک نام واپس لئے جاسکتے ہیں۔x

## Arunachal Scrutiny

مہاراشٹر میں پانچ لوک سبھا حلقوں کے لئے 181 امیدواروں کے پرچۂ نامزدگی میں سے 110 درست پائے گئے۔

اروناچل پردیش میں کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد 58 اسمبلی حلقوں کیلئے کُل 168 پرچۂ نامزدگی درست پائے گئے اور دو اسمبلی سیٹوں کیلئے کاغذات کی جانچ پڑتال کا کام آج دن میں گیارہ بجے تک کے لئے ملتوی کردیا گیا تھا۔

دو پارلیمانی حلقوں کے لئے 15 پرچۂ نامزدگی درست پائے گئے ۔ اروناچل ویسٹ پارلیمانی حلقے کے لئے بی جے پی کے امیدوار اور مرکزی وزیر کرن رججو اور کانگریس کے Nabam Tuki سمیت آٹھ امیدوار ہیں۔اروناچل ایسٹ پارلیمانی سیٹ کے لئے سات امیدواروں کے کاغذات درست پائے گئے۔x

## Haryana State Profile

آئندہ لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں سے متعلق ہماری سیریز کے تحت آج ہم ہریانہ کی بات کریں گے۔ یہاں واحد مرحلے کے تحت دس لوک سبھا حلقوں میں 25 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Ashiwani Sharma

ہریانہ میں جو دودھ اور دہی کے لئے جانا جاتا ہے لوک سبھا کے کُل 10 حلقے ہیں۔

BJP نے 2019 میں Sira ، امبالہ، کروکشیتر، گروگرام، بھوانی، مہیندر گڑھ اور حصار سبھی 10 حلقوں میں کامیابی حاصل کی تھی۔

اس وقت اہم اپوزیشن پارٹی کانگریس کے لئے یہ بڑا دھچکا تھا ۔ حلقوں میں رجسٹرڈ ووٹروں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے ہم نے ہریانہ کی ایڈیشنل چیف افسر ہیما شرما سے بات کی۔

SB- Hema Sharma

ہریانہ میں چھٹے مرحلے کے تحت پولنگ25 کو ہوگی۔

چنڈی گڑھ سے اشونی کمار شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کے لئے میں۔-------------

## MHA AFSPA

مرکز نے ناگالینڈ کے 8 ضلعوں اور اروناچل پردیش کے تین ضلعوں میں مسلح افواج کے خصوصی اختیارات سے متعلق ایکٹ AFSPA کو اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے 6 مہینے کے لئے توسیع دے دی ہے۔ اِس کے علاوہ ناگالینڈ کے پانچ دیگر ضلعوں میں 21 تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں اور اروناچل پردیش کے ایک اور ضلع کے تین تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں میں بھی اس کی توسیع کی گئی ہے۔

ناگالینڈ اور اروناچل پردیش کے بعض ضلعوں اور پولیس تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں میں گزشتہ کئی سال سے AFSPA نافذ ہے اور اِس میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی ہے۔

## Tejas MKIA

ہلکے لڑاکا طیارے Tejas MK1A نے بینگلورو میں ہندوستان ایروناٹکس لمیٹڈ کے مرکز سے اپنی پہلی پرواز کامیابی کے ساتھ مکمل کرلی ہے۔ ہلکے لڑاکا طیاروں کے یہ جدید ترین MK1A طیارے جدید الیکٹرانک رڈار ، جنگی ساز و سامان ، مواصلاتی نظام اور حملے کی کارروائیوں کی صلاحیت سے لیس ہیں۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

## Mukhtar Ansari - Died

اترپردیش کے باندہ میڈیکل کالج اسپتال میں کل رات جرائم پیشہ شخص سے سیاستداں بننے والے جیل میں بند مختار انصاری کا حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہوگیا ہے۔ اُسے ضلع جیل میں بیہوش ہونے کے بعد مبینہ طور پر اُس کی حالت بگڑنے کے بعد کل اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔

ریاست کے ڈائرکٹر جنرل پولیس پرشانت کمار نے بتایا کہ انصاری کی موت کے بعد پورے اترپردیش میں دفعہ 144 کے تحت امتناعی احکامات نافذ کردئے گئے ہیں۔ غازی پور، مئو، وارانسی اور ریاست کے دیگر ضلعوں میں احتیاطی اقدام کے طور پر سکیورٹی سخت کردی گئی ہے۔

گذشتہ ہفتے مختار انصاری کے وکیل نے مناسب طبی جانچ کی مانگ کرتے ہوئے بارہ بنکی میں ایک عدالت میں درخواست دائر کی تھی اور یہ الزام لگایا تھا کہ باندہ جیل کا عملہ انصاری کو آہستہ آہستہ زہر دے رہا ہے۔

مشرقی اترپردیش کے مئو ضلع سے 5 مرتبہ کا MLA انصاری زمین جائیداد کے کاروبار اور ریاست کے ساتھ ساتھ کئی دیگر مقامات پر 60 سے زیادہ فوجداری کیسوں میں ملوث تھا۔ وہ 2005 سے تحویل میں تھا۔ مختاری انصاری نے بہوجن سماج پارٹی کے امیدوار کے طور پر 2 بار چناؤ لڑا تھا۔×

## Russia Vetoes UN

روس نے اقوامِ متحدہ کی ایک قرارداد کو ویٹو کردیا ہے، جس کی رُو سے شمالی کوریا کے ایٹمی پروگرام کے معاملے پر شمالی کوریا کے خلاف اقوامِ متحدہ پابندیوں کی نگرانی کا سلسلہ ختم ہوجائے گا۔ اِس اقدام کے بعد مغربی ملکوں نے یہ الزام لگایا ہے کہ روس شمالی کوریا سے اپنے ہتھیاروں کی خریداری کا دفاع کرنے کی کوشش کررہا ہے، تاکہ وہ یوکرین کے خلاف جنگ میں اِن کا استعمال کرسکے، جو اقوام متحدہ پابندیوں کی خلاف ورزی ہے۔

15 ارکان پر مشتمل کونسل میں 13 ملکوں نے قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔ شمالی کوریا کے خلاف حقیقی پابندیوں پر اِس کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

## Palestine Nerw Govt

فلسطین میں صدر محمود عباس نے نئی حکومت کی تشکیل کو منظوری دے دی ہے۔ نو منتخبہ حکومت میں 23 وزراء ہوں گے اور اِس کی قیادت وزیر اعظم محمد مصطفیٰ کریں گے۔ وہ وزیر خارجہ کے فرائض بھی انجام دیں گے۔ فلسطین کی سرکاری نیوز ایجنسی WAFA کے مطابق جناب مصطفیٰ نے حکومت کے کام کاج سے متعلق پروگرام اور اِس کی تشکیل کی مجوزہ فہرست صدر کو

پیش کی۔

## Good Friday

آج دنیا بھر میں گڈ فرائی ڈے منایا جارہا ہے۔ یہ دن عیسیٰ مسیح کو مصلوب کئے جانے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ عیسائی عقیدے کے مطابق اِس دن عیسیٰ مسیح نے سبھی کیلئے پیار و محبت کی خاطر اپنی جان قربان کردی تھی۔ ایسٹر سنڈے سے پہلے جمعے کو یہ دن منایا جاتا ہے۔ جبکہ عیسیٰ مسیح کے دوبارہ ظاہر ہونے کی یاد میں ایسٹر سنڈے منایا جاتا ہے۔

اِس موقع پر گرجا گھروں میں دعائیہ جلسوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ گڈ فرائی ڈے کے موقع پر لوگ ایک دوسرے کیلئے قوت، طاقت اور مسرت کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔×

## Tennis

میامی اوپن ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی میتھو ایبڈن کی عالمی نمبر ایک کی جوڑی مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کل رات اسپین کے SMarcel Granollers اور ارجنٹینا کے Horacio Zeballos کی چوتھے درجے کی جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں چھ-ایک، چھ-چار سے ہرا دیا۔

بھارت اور آسٹریلیا کی اِس جوڑی کا اب کل فائنل میں امریکہ کے Austin Krajicek اور کروشیا کے Ivan Dodig کی دوسرے درجے کی جوڑی سے مقابلہ ہوگا۔ روہن بوپنا کیلئے یہ چودھواں اے ٹی پی ماسٹرس کا فائنل ہوگا جو اب تک ڈبلز کے 25 خطاب جیت چکے ہیں۔×

## Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات جے پور میں راجستھان رائلس نے ڈیلی کیپٹلس کو 12 رن سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے راجستھان کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 185 رن بنائے۔ راجستھان کیلئے نوجوان کھلاڑی Riyan Parag نے محض 45 گیندوں میں 84 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔

## GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: شبانہ رحمان

شکریہ -ارجمند

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ توانائی کے مؤثر حل کو اپنانے کی

ضرورت ہے۔ CPWD کے اسسٹنٹ ایگزیکٹیو انجینئرس نے صدر جمہوریہ سے ملاقات کی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، ملاپ اور دیگر اخباروں نے الیکشن سے متعلق خبروں کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ دوسرے مرحلے کا نوٹیفکیشن جاری ہوتے ہی 88 حلقوں میں نامزدگی کا عمل شروع۔ ملاپ لکھتا ہے کہ 12 ریاستوں کی 88 پارلیمانی نشستوں کے لئے 26 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔ نامزدگی کاغذات داخل کرنے کی آخری تاریخ 4 اپریل ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے اس بیان کو اخبار کے پہلے صفحہ کی سرخی بنایا ہے کہ ضرورت پڑنے پر حکومت اگنی ویر اسکیم کو بہتر بنانے کے لئے تیار ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا ، انقلاب اور دیگر کئی اخباروں نے اس خبر کو بھی خصوصیت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ ایم کے گلوبل فنانشیل سروسز کی ایک رپورٹ کے مطابق 2030 تک ملک میں ٹرانسپورٹیشن فیول کیلئے 400 ایل این جی اسٹیشن قائم کئے جاسکتے ہیں۔

روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے کہ وزارت خارجہ نے دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کی گرفتاری پر امریکی محکمۂ خارجہ کے تبصرے کو نامناسب قرار دیا ہے۔

ملاپ کی ایک سرخی ہے کہ ناگالینڈ کے 8 اضلاع میں 6 ماہ کیلئے مسلح فورسیز کے خصوصی اختیارات سے متعلق ایکٹ افسپا کی توسیع کی ہے۔x

☆☆☆

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 سرکار نے کہا ہے کہ بھارت کو اپنے جمہوری اداروں پر فخر ہے اور وہ کسی بھی طرح کے نامناسب خارجی اثر و رسوخ سے اِن کا دفاع کرنے کا پابند ہے۔

2 فروری کے مہینے میں ملک کے اہم شعبوں کی شرح ترقی 6 اعشاریہ سات فیصد رہی، جو گزشتہ 3 مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔

3 اترپردیش کے باندہ ضلع میں جرائم پیشہ شخص سے سیاستداں بننے والے جیل میں بند مختار انصاری کا حرکت قلب بند ہونے سے انتقال ہوگیا ہے۔

4 عیسیٰ مسیح کو مصلوب کئے جانے کی یاد میں آج دنیا بھر میں گڈ فرائی ڈے منایا جارہا ہے۔

5 ٹینس میں بھارت کے روہن بوپنّا اور آسٹریلیا کے Mathew Ebden کی جوڑی Miami اوپن کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

6 اور IPL کرکٹ میں:

جے پور میں راجستھان رائلس نے ڈیلی کیپٹلس کو 12 رن سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔